
© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف وتبصرہ کتب

- **بدرالفتاوی** مؤلف: مولانا مفتی نورمحمد ثاقب

ناشر: مکتبہ النور پشاور، 0300 9007550 ضخامت: ۴۵۱صفحات

زیر تبصرہ کتاب تحریک طالبان افغانستان کے قائم کردہ کے مرکزی دارالافتا سے صادر ہونے والے مختلف علمی ،فقہی ،قانونی، عائلی اور شرعی فتاوی جات کی دوسری جلد ہے، جسے امارت اسلامی کے سابق چیف جسٹس اور سابق رئیس دارالافتاء مولانا نور محمد ثاقب صاحب نے ''بدرالفتاوی'' کے نام سے انتہائی خوش اسلوبی کیساتھ پشتو زبان میں جمع کیا ہے، یہ بدرالفتاویٰ کی دوسری جلد ہے جس میں نکاح اور متعلقات نکاح ،طلاق ،ظہار، عدت،نفقہ، جہاد، بیت المال،گمشدہ مال،شرکت ،مضاربت،احکام مساجد، مصلیٰ ،عیدگاہ اور مقبرہ جیسے اہم عنوانات کے تحت سینکڑوں مسائل کا حل شریعت کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔تمام فتاوی جات پر اکثر و بیشتر امہات کتب فقہ سے حوالہ جات مندرج ہیں، کتاب کی ترتیب منفرد اسلوب اور معیاری طباعت سے آراستہ ہے امید ہے جلد اول کے بعد یہ جلد ثانی بھی اہل علم کی توجہ کا محور بنے گی (مبصر: مولانا اسرار مدنی)

- **نماز عملی شریعت کا پہلا اور بنیادی رکن** مؤلف: مفتی محمد نعیم

ناشر: مکتبہ الجامعہ البنوریہ سائٹ کراچی ضخامت: ۲۵۵صفحات

زیر تبصرہ کتاب ''نماز عملی شریعت کا پہلا اور بنیادی رکن'' مفتی محمد نعیم صاحب کی ایک بہترین کاوش ہے جس میں انہوں نے نماز حنفی کے جملہ مسائل واحکام کوعام فہم انداز اور سوال وجواب کی صورت میں پیش کیا ہے اورنماز کی تمام بنیادی امور کومسلک حنفی کے لحاظ کومدنظر رکھتے ہوئے جمع کیا ،ظاہر ہے کہ مؤلف کی اس کاوش کا مقصد یہی ہے کہ نماز کی اہمیت مسلمانوں میں اجاگر کیا جائے، طباعت واشاعت بہت اعلیٰ اور معیاری ہے، اللہ اس کتاب کوقبولیت عامہ سے نوازے اور مزید اس طرح علمی کاموں کی توفیق عطافرمائے (مبصر: محمد اسلام حقانی)

- **جواہرالتجوید** مؤلف: قاری عبدالرحمٰن

ضخامت:۱۵۲صفحات ناشر: مکتبہ قدسیہ اردو بازار لاہور

زیر تبصرہ کتاب ''جواہرالتجوید'' قاری عبدالرحمٰن صاحب کی علم تجوید پر ایک بہترین علمی مجموعہ ہے جس میں تجوید سے متعلق جملہ احوال واحکام اور تجوید کے تمام مسائل باحوالہ درج کئے گئے ہیں اورقواعد تجوید کوطالب تجوید کیلئے آسان اورعام فہم بنا کر پیش کیا ہے اور یہ کتاب اسی جذبے کے تحت لکھی گئی ہے کہ طلبائے علم تجوید کو وافر معلومات اِس ایک ہی کتاب سے مہیا ہو، یہ کتاب اپنی ظاہری ومعنوی خوبیوں سے آراستہ وپیراستہ ہے، دلکش طباعت ،منفرد ٹائٹل جوکہ اسکے مؤلف قاری عبدالرحمٰن کے حسن ذوق کی آئینہ دار ہے، اللہ تعالیٰ قاری صاحب کی اس کاوش کوقبول فرمائے ا(مبصر: محمد اسلام حقانی)

© rasailojaraid.com